© rasailojaraid.com



قرآن مجید کی ایک آیت ہے:— "فطرۃ اللہ التی فطر الناس علیہا" اس کی تشریح کرتے ہوئے شاہ صاحب لکھتے ہیں:— انسان میں اللہ تعالےٰ نے دو قوتیں رکھی ہیں۔ ایک قوتِ ملکیہ، دوسری قوتِ بہیمیہ۔ جب وہ اپنے آپ کو قوتِ ملکیہ کے سپرد کرتا ہے، تو اس سے صفاتِ ملکیہ صادر ہوتی ہیں، اور جب وہ اپنے آپ کو قوتِ بہیمیہ کے سپرد کرتا ہے تو اس سے بہائم کی سی حرکات صادر ہوتی ہیں۔ اور ایک حالت ان دونوں قوتوں کے درمیان اعتدال کی ہے۔ اب اگر انسان پر مادہ عصیاں غالب نہ ہو تو اس کی صورت نوعیہ اسی اعتدال کی متقاضی ہوتی ہے۔ اور قرآن مجید کی آیت "فطرۃ اللہ التی فطر الناس علیہا" میں اس کی طرف اشارہ ہے۔ وہ ملکات، احوال اور افعال جو حالت اعتدال کے لوازم ہیں، ان کی حفظ و نگہداشت کے لئے جو امور ضروری ہیں، ان کا تعین شریعت ہے۔ اور اس کا صدور وحی والہام سے ہوتا ہے۔ پس شریعت درحقیقت ایک ہی ہے۔ اس میں تغیر و تبدل کی گنجائش نہیں ہے۔ ہاں وقت و مقام کے لحاظ سے اس کی صورتِ نوعیہ بدلتی رہتی ہے، جیسے کہ طبیب سن و سال اور وقت و مقام کے پیش نظر نسخہ تبدیل کرتا ہے اسی کو قرآن مجید میں شریعت و منہاج سے تعبیر کیا گیا ہے۔ ارشاد ہوتا ہے۔ "لکلٍ جعلنا منکم شرعۃً و منہاجاً"

شریعت پیغمبروں اور رسولوں کے ذریعہ آتی ہے۔ شاہ صاحب رسولوں کی بعثت کے ذکر میں لکھتے ہیں:— رسول بھیجنے کے یہ معنی نہیں کہ کسی شخص کو آسمان سے زمین پر یا مشرق سے مغرب پر، یا ایک شہر سے دوسرے شہر میں بھیجا جائے۔ بلکہ بعثتِ رُسل سے مراد یہ ہے کہ ارادۂ الٰہی اس امر کا مقتضی ہوا کہ لوگوں کو شریعت الٰہی سے آگاہ کیا جائے تاکہ اس کے ذریعہ ان کی اصلاح و فلاح ہو۔ وہ علم حق سے بہرہ ور ہوں۔ وہ اچھے اعمال بجالائیں اور برے کاموں سے بچیں۔ یا یہ کہ لوگوں میں طرح طرح کا شرک و ظلم پھیل گیا ہے۔ اور وہ بغیر نبوت و رسالت دور نہیں ہو سکتا۔ اس کے بعد شاہ صاحب فرماتے ہیں۔ ہر شخص میں نبوت و رسالت کی استعداد نہیں ہوتی اور نہ ہر زمانے میں نبی آتا ہے۔ بلکہ اس کا انحصار حکمت الٰہی پر ہے، آیت "واصطنعتک لنفسی" میں اس کی طرف اشارہ ہے۔

مختلف زمانوں میں نبوت کی صورتیں مختلف ہوتی ہیں۔ شاہ صاحب اس بارے میں لکھتے ہیں:— معلوم ہونا چاہئے کہ مختلف زمانوں میں نبوت کی صورتیں مختلف ہوتی ہیں کبھی نبی بادشاہ و خلیفہ ہوتا ہے[1]

---

[1] حضرت داؤد اور حضرت سلیمان کی نبوت کی صورت بادشاہت کی تھی۔ حضرت زکریا علیہ السلام حبر و عالم نبی تھے۔ اور حضرت یونس اور یحییٰ علیہما السلام عابد و زاہد نبی تھے۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کبھی خیبر و عالم اور کبھی زاہد و مرشد۔ اسی طرح نبوت کے اسباب اور افعال و آثار بھی مختلف ہوتے ہیں۔ اس کے بعد فرماتے ہیں:۔ ظاہر بین لوگوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت و رسالت کو بادشاہت و سلطنت سمجھا اور وہ شقاوت ابدی میں مبتلا ہو گئے۔ اور وہ یہ نہ سمجھے کہ جب سب سے افضل شریعت سب سے افضل بشر پر نازل ہوئی تو ضروری تھا کہ یہ نبوت اس کی سب صورتوں پر جامع ہو۔ پس آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت ریاست، خلافت، حبریت، معلمیت، زاہدیت اور مرشدیت سب پر جامع تھی۔

ابو داؤد نے الملاحم میں اور الطبرانی نے الاوسط میں ابوہریرہ سے روایت کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ ان اللہ تعالیٰ یبعث لھذہ الامۃ علی راس کل مائۃ سنۃ من یجدد لھا دینھا[1] شاہ صاحب اس حدیث کے ضمن میں لکھتے ہیں:۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے خبر دی کہ اس امت میں ہر صدی کے شروع میں ایک مجدد پیدا ہوا کرے گا، جو دین کی تجدید کرے گا۔ اب پہلی صدی کے شروع میں عمر بن عبدالعزیز ہوئے، جنہوں نے ملوکیت[2] کے ظلم کو ختم کیا۔ اور اچھی روایات کی بنیاد ڈالی۔ دوسری صدی کے شروع میں امام شافعی ہوئے اور انہوں نے فقہ کے اصول و فروع کی بنا رکھی تیسری صدی کے شروع میں امام ابوالحسن اشعری ہوئے، جنہوں نے اہل سنت کے لئے قواعد اعتقادات مستحکم کئے اور اہل بدعت کا مقابلہ کیا۔ چوتھی صدی کے شروع میں حاکم اور امام بیہقی پیدا ہوئے اور انہوں نے علم حدیث کی بنیاد مضبوط کی۔ پانچویں صدی کے شروع میں امام غزالی ہوئے، جنہوں نے فقہ و تصوف اور علم کلام کو ہم آہنگ کیا، جس کی وجہ سے ان علوم کے حقائق و معارف میں نزاع نہ رہا۔ چھٹی صدی کے شروع میں امام نووی نے علم فقہ کے احکام کی اور امام رازی نے علم کلام کی اشاعت کی۔ اسی طرح اس وقت تک ہر صدی کے شروع میں ایک امام اور مجدد ہوتا رہا ہے۔

ایک جگہ شاہ صاحب "سنۃ اللہ[3]" کی یوں وضاحت فرماتے ہیں:۔ اس عالم اسباب

---

[1] (ترجمہ) اللہ تعالیٰ اس امت کے لئے ہر سو سال کے شروع میں کوئی ایسا شخص مبعوث کرے گا جو اس کے لئے اس کے دین کی تجدید کرے گا۔

[2] بنو امیہ کے فرمانرواؤں کے استبداد کی طرف اشارہ ہے۔ [3] سنۃ اللہ التی قد خلت من قبل و لن تجد لسنۃ اللہ تبدیلاً

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



شاہ صاحب لکھتے ہیں کہ اس معاملہ میں ظنِ غالب یہ ہے کہ ان مسائل پر مسلک اشعری کی اصل غرض مخالف شاہ صاحب کے حملوں کا رد کرنا تھا نہ کہ بالجزم یہ ثابت کرنا کہ امرِ شریعت یوں ہے۔

شاہ ولی اللہ صاحب لکھتے ہیں کہ میں نے اس بحث کو حجۃ اللہ البالغہ میں زیادہ تفصیل سے بیان کیا ہے۔ یہاں حجۃ اللہ البالغہ کے مقدمہ سے کچھ اقتباسات دیئے جاتے ہیں۔

عام طور پر خیال کیا جاتا ہے کہ احکام شرعیہ کی بنیاد مصالح و حِکَم پر نہیں۔ اور اعمال اور جزا میں کوئی مناسبت نہیں۔ اور تکالیفِ شرعیہ کی مثال ایسی ہے کہ ایک آقا اپنے غلام کی فرماں برداری کا امتحان کرنا چاہتا ہے۔ تو وہ اپنے غلام کو (خواہ مخواہ) کسی پتھر کے اٹھانے یا کسی درخت کے چھونے کا حکم دیتا ہے۔ اور اس سے اس کا مقصد صرف غلام کی اطاعت کا امتحان ہے اور بس۔ جب وہ غلام ایسا کرتا ہے تو آقا اس کو اچھا بدلہ دیتا ہے۔ اور نافرمانی کرتا ہے تو اس کو سزا دیتا ہے۔ لیکن یہ خیال سراسر فاسد ہے۔ سنت نبوی اور اجماع قرون مشہود لھا بالخیر اس خیال کی تغلیط کرتا ہے۔ جو شخص یہ بھی نہ سمجھ سکتا ہو کہ اعمال کے دار و مدار نیت اور انسانوں کی ہیأت نفسانیہ پر ہے، وہ علم و فہم سے بالکل ہی بے بہرہ ہے۔"

اس کے بعد شاہ صاحب نے قرآن مجید سے اللہ تعالےٰ کے اوامر و احکام کی مثالیں دی ہیں کہ کس طرح جہاں ان کا بیان ہے وہاں اس کے ساتھ ہی ان کی حکمت و مصلحت[1] کا بھی ذکر کیا گیا ہے۔

اس کے بعد شاہ صاحب لکھتے ہیں :- "یہ اور اس قسم کی بے شمار آیتیں اور حدیثیں موجود ہیں (جو اس امر پر دلالت کرتی ہیں کہ شرائع کی بنیاد مصالح و حِکَم پر قائم ہے) اور ہر زمانے میں علمائے کرام اس کے قائل رہے ہیں۔ پس جو شخص اتنا سمجھنے سے بھی قاصر ہو تو سمجھ لو کہ اسے علم سے کوئی مس نہیں۔ اور اگر علم نے اسے مس کیا اور چھوا بھی ہے، تو صرف اس سوئی کی طرح جو سمندر میں غوطہ دے کر نکال لی گئی ہو۔ ایسا آدمی تو اس کا حق دار ہے کہ اپنی جان پر رو دے۔ وہ اس قابل نہیں کہ اس کے قول پر کان دھرے جائیں، اور اس پر کسی قسم کا بھی بھروسہ کیا جائے۔ اس کے

---

[1] جہاں روزے کا بیان ہے، وہاں ساتھ ہی لعلکم تتقون بھی آیا ہے۔ جب جہاد فرض کیا گیا تو ساتھ ہی اس کی غرض یہ بتائی گئی وقاتلوھم حتی لاتکون فتنۃ ویکون الدین للہ۔ نماز کی مصلحت یہ بتائی کہ وہ فحشاء و منکر سے روکتی ہے۔ حج کے لئے مکہ معظمہ کی اس لئے تخصیص ہوئی کہ وہاں اول بیت وضع للناس، نیز صفا و مروہ شعائر اللہ ہیں، وغیرہ وغیرہ

© rasailojaraid.com

